﴾پریس ریلیز 3 جنوری 2022﴿

پنجاب امپلائیز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن گجرات کے ڈائریکٹر عبدلوحید ڈار نے سید عامر ڈپٹی ڈائریکٹر، میاں امجد ممتاز اسسٹنٹ ڈائریکٹر، شوکت علی اکاؤنٹس آفیسر اور مدثر بھٹی انسپکٹر امپلائیز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن گجرات نے گجرات چیمبر آف کامرس کا دورہ کیا اور محمد نعیم امتیاز گوندل صدر گجرات چیمبر آف کامرس سے ملاقات کی۔

ڈائریکٹر عبدلوحید ڈار پنجاب امپلائیز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن گجرات نے کہا کہ پنجاب امپلائیز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن گجرات کا شارٹ فال تقریباً 40 فیصد ہو گیا ہے اور ہمارا گجرات چیمبر میں آنے کا مقصد یہ ہے کہ گجرات چیمبر آف کامرس بزنس کمیونٹی کا نمائندہ ادارہ ہے اور اس لیے ہم آپ کو اعتماد میں لے کر آپ کے ذریعے گجرات کی بزنس کمیونٹی سے رکویسٹ کریں کہ وہ اپنے واجبات جمع کروائیں۔ اس سلسلے میں ہمیں آپ کی پوری سپورٹ چاہیئے کیونکہ ڈسٹرکٹ گجرات کے اریئرز 37 کروڑ روپے تک پہنچ گئے ہیں۔ آپ گجرات چیمبر آف کامرس کے پلیٹ فارم سے ایک کمیٹی بھی بنائیں جس میں دو چیمبر کے نمائندے اور دو نمائندے پنجاب امپلائیز سوشل سکیورٹی انسٹی ٹیوشن گجرات سے شامل کیئے جائیں۔

نعیم امتیاز گوندل صدر گجرات چیمبر آف کامرس نے کہا کہ ہم آپ کو گجرات چیمبر آف کامرس میں ویلکم کرتے ہیں۔ آپ نے بحیثیت ڈائریکٹر یہ ذمہ داری بہت اچھے طریقے سے پوری کی ہے اور جو بزنس کمیونٹی کے متعلق ایشوز تھے ان کو صحیح پلیٹ فارم پر ڈسکس کیا ہے اس حوالے سے جو بزنس کمیونٹی کے ذمہ سوشل سکیورٹی کے واجبات ہیں۔

میری اپنی تمام بزنس کمیونٹی بشمول انڈسٹریلسٹس، ٹریڈرز، سروس پرووائڈرز اور دیگر شعبہ جات سے یہ گذارش ہے کہ اپنے ذمہ سوشل سکیورٹی واجبات کو فوری طور پر جمع کروائیں کیونکہ گجرات سوشل سکیورٹی آفس کو اس حوالے سے بہت پریشر کا سامنہ ہے اس کے علاوہ یہ ڈیپارٹمنٹ ہم سب کو ورکرز کی فلاح و بہبود کے لیے کام کر رہا ہے اس لیے اگر ادارے کے پاس فنڈز نہیں ہوں گے تو وہ کیسے ورکرز کو سروسز فراہم کر سکے گا۔